۷

# چاند بی بی

2YBGCA

چاند سلطانہ ’چاند بی بی‘ کے نام سے مشہور ہے۔ وہ احمد نگر کے بادشاہ کی بیٹی تھی۔ اب سے کوئی چار سو برس پہلے وہ احمد نگر میں پیدا ہوئی۔ چاند بی بی بڑی ذہین تھی۔ چھوٹی سی عمر میں اس نے کئی زبانیں سیکھ لی تھیں۔ اسے مطالعے کا بڑا شوق تھا۔ وہ شکار بھی خوب کھیلتی تھی۔



احمد نگر کے پاس ہی بیجاپور کی ریاست تھی۔ چاند بی بی کی شادی وہاں کے حاکم علی عادِل شاہ سے ہوئی تھی۔ بادشاہ اس کی بڑی قدر کرتا۔ دونوں ساتھ ساتھ سیر کرتے، شکار کو جاتے۔ دربار میں بھی ملکہ بادشاہ کے ساتھ ہوتی تھی۔ سلطنت کے کاموں میں علی عادل شاہ چاند بی بی سے مشورہ لیا کرتا تھا۔ چاند بی بی لوگوں سے خود ان کی زبان میں باتیں کرتی تھی اس لیے لوگ بھی اپنی ملکہ کو دل سے چاہتے تھے۔ وہ اس کی بڑی عزّت کرتے تھے۔

چاند بی بی کی شادی کے سولہ برس بعد اس کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ اسے کوئی اولاد نہ تھی جسے تخت پر بٹھایا جاتا اس لیے چاند بی بی نے اپنے بھتیجے کو تخت پر بٹھا دیا۔ اس نے اپنے ننھّے بادشاہ کی سرپرستی کی اور بڑی خوبی اور محنت سے حکومت کا کام سنبھالا۔ اس نے اپنی ریاست میں بہت سے کنویں کھدوائے۔ تالاب، سڑکیں اور کئی عمدہ عمارتیں بنوائیں۔ اس طرح اس نے اپنی ریاست کی ترقّی اور بھلائی کے بہت سے کام کیے۔

دہلی کا شہنشاہ اکبر سارے ملک کو اپنی سلطنت میں شامل کرنا چاہتا تھا۔ اس نے اپنے ایک بیٹے کو فوج دے کر احمد نگر پر حملہ کرنے کے لیے روانہ کیا۔ یہ خبر سُن کر چاند بی بی احمد نگر پہنچ گئی اور اپنی ریاست کو بچانے کی تدبیریں کرنے لگی۔ اس نے احمد نگر کے قلعے میں کھانے پینے کا بہت سا سامان جمع کر لیا تھا۔ اسے خوف تھا کہ دشمن کی فوج زیادہ دنوں تک قلعے کو گھیرے رکھے گی تو قلعے کے اندر لوگ بھوکوں مر جائیں گے۔ اس نے قلعے کی دیواروں اور راستوں پر فوجی پہرہ لگا دیا مگر اکبر کی فوج نے بارود سے قلعے کی دیوار گرا دی۔ چاند بی بی ٹوٹی ہوئی دیوار کے پاس کھڑی ہو کر دشمن کا مقابلہ کرنے لگی۔ قریب تھا کہ اکبر کی فوج ہار مان لیتی مگر چاند بی بی کے کچھ ساتھی دشمن سے مل گئے اور انھوں نے اُسے قتل کر دیا۔

چاند بی بی اپنے ہی لوگوں کے ہاتھوں ماری گئی۔ اس نے ساری دنیا کو دِکھا دیا کہ وطن کی محبّت کسے کہتے ہیں۔ اس نے ثابت کر دیا کہ ایک عورت بھی بہادری کے جوہر دِکھا سکتی ہے۔ (ماخوذ)



| | | | |
|---|---|---|---|
| ذہین | عقل مند | عمدہ | اچھّی |
| مطالعہ کرنا | پڑھنا | تدبیر | کوشش، منصوبہ |
| سرپرستی کرنا | دیکھ بھال کرنا | جوہر | خوبی، صلاحیت |



## مشق

❁ **ایک لفظ میں جواب لکھو :**

۱۔ چاند بی بی کا نام کیا تھا؟

۲۔ بیجا پور کا حاکم کون تھا؟

۳۔ شادی کے کتنے برس بعد چاند بی بی کے شوہر کا انتقال ہوا؟

❁ **ایک جملے میں جواب لکھو :**

۱۔ چاند بی بی کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

۲۔ شہنشاہ اکبر کیا چاہتا تھا؟

۳۔ قلعے کی دیوار کیسے گرائی گئی؟

۴۔ چاند بی بی کو کس نے قتل کیا؟

❁ **مختصر جواب لکھو :**

چاند بی بی نے اپنی ریاست کی ترقی کے لیے کیا کِیا؟

❁ **سبق پڑھ کر خالی جگہ میں مناسب لفظ لکھو :**

چاند بی بی اپنے ہی ___ ___ ___ ماری گئی۔اس نے ساری دنیا کو دکھا دیا کہ ___ ___ ___ ___ کسے کہتے ہیں۔
اس نے ثابت کر دیا کہ ایک عورت بھی ___ ___ ___ دِکھا سکتی ہے۔

❁ **ان جملوں کو غور سے پڑھو :**

اسکول میں گرمی کی چھُٹّیاں تھیں۔ بچّے بہت خوش تھے۔افضل نے سارا واقعہ کہہ سنایا۔

اِن جملوں میں تین الگ الگ باتیں کہی گئی ہیں۔ ہر بات کے ختم ہونے پر ایک نشان ( ۔ ) لگایا گیا ہے۔اس نشان کو 'ختمہ' کہتے ہیں۔

❁ **سبق سے ایسے تین جملے تلاش کر کے لکھو جن کے بعد ختمہ لگا ہوا ہے۔**